فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کی سرگرمیوں کا عکاس جریدہ

# فیسکو نیوز

وزارت توانائی (پاور ڈویژن)
حکومت پاکستان

FESCO

ایڈیشن: جنوری 2024ء شمارہ نمبر: 161 جلد نمبر: 12 کل صفحات: 16





**ملک تحسین اعوان**
چیئرمین فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز

فیسکو انتظامیہ صارفین اور ملازمین کو سہولیات بہم پہنچانے کیلئے کوشاں ہے

**انجینئر محمد عامر**
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

صارفین کی سہولت کیلئے نئے دفاتر اور گرڈ سٹیشنوں کی تعمیر ترجیحی بنیادوں پر جاری ہے

فیسکو ریجن میں صارفین کو کوالٹی سروسز کی فراہمی کیلئے متعدد ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں





فیسکو نیوز

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کی سرگرمیوں کا عکاس جریدہ

# فیسکو نیوز

ایڈیشن: جنوری 2024ء شمارہ نمبر: 161 جلد نمبر: 12 کل صفحات: 16



منتظم اعلیٰ

**انجینئر محمد عامر**

چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو



مدیر اعلیٰ

**اطہر ایوب چوہدری**

ڈائریکٹر جنرل ایڈمن فیسکو



مدیر

**طاہر محمود شیخ**

ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل (پبلک ریلیشنز) فیسکو

## ایڈیٹوریل ٹیم



اویس دانش



ایوب احمد

پبلشر

شعبہ تعلقات عامہ فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کینال روڈ فیصل آباد

Toll Free: 080066554, Help Line: 118, +92419220282, www.fesco.com.pk

Please send your suggestions and Feedback: fescopr@gmail.com

## عرض مدیر

فیسکو انتظامیہ صارفین اور ملازمین کو سہولیات بہم پہنچانے کیلئے کوشاں ہے فیسکو کی جانب سے خطیر رقم سے دفاتر اور گرڈز سٹیشنوں کی تعمیر ترجیحی بنیادوں پر جاری ہے تا کہ صارفین کو دور دراز دفاتر کا سفر نہ کرنا پڑے اور ان کے مسائل کا جلد ازالہ ممکن ہو۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت پر فیسکو ریجن میں برقی ترقیاتی کاموں کی رفتار میں مزید تیزی لائی جارہی ہے تا کہ عوام الناس کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے۔ فیسکو چیف نے فیسکو افسران اور اہلکار کمپنی کو مزید آگے لیجانے اور اس کی ترقی کیلئے اپنی تمام تر شعوری کاوشوں کو بروئے کار لانے کی ہدایت کی ہے اور کہا ہے کہ پاور سیکٹر ملکی معیشت کیلئے انتہائی کلیدی کردار کا حامل ہے۔ فیسکو ریجن میں صارفین کو کوالٹی سروسز کی فراہمی کیلئے متعدد ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جار ہے ہیں تا کہ ملکی معیشت کو مزید مستحکم کیا جا سکے۔ فیسکو افسران اور ملازمین کو صارفین کے بجلی سے متعلقہ مسائل کو فوری طور پر حل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ صارفین کے مسائل کے ازالہ میں جان بوجھ کر تاخیر کرنے یا کسی قسم کی بھی غفلت یا کوتاہی کے مرتکب ملازمین کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ علاوہ ازیں بجلی چوروں کے خلاف جاری خصوصی مہم میں فیسکو بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہا ہے اور روزانہ کی بنیاد پر دن اور رات کے اوقات میں بجلی چوروں کی سرکوبی کیلئے گھر گھر چیکنگ کی جارہی ہے جبکہ فیسکو کے ڈیفالٹرز کے خلاف بھی خصوصی ریکوری مہم چلائی جارہی ہے۔ واجبات ادا نہ کرنے والے صارفین کے خلاف کارروائیوں کو مزید تیز اور موثر بنایا جا گیا ہے اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بھی کارروائی کی جارہی ہے۔

## اس شمارے میں

04 معاشرے پر بوجھ نہ بنو
05 چیئرمین فیسکو واپڈا ملک تحسین اعوان اور چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کا ایس ڈی او چک جھمرہ ٹو آفس کی افتتاحی تقریب سے خطاب
07 چیئرمین فیسکو واپڈا ملک تحسین اعوان کا فیسکو ناظم آباد سب ڈویژن کے اچانک دورے کے موقع پر افسران و ملازمین سے خطاب
08 چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کا واپڈا انجنیئرنگ اکیڈمی میں منعقدہ 69ویں ایلمنٹری مینجمنٹ کورس کی اختتامی تقریب سے خطاب
09 چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کی عبداللہ پور فلائی اوور کی تعمیر میں رکاوٹ بننے والے کھمبوں اور تاروں کی فوری شفٹنگ کی ہدایت
10 چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کا فیسکو گراؤنڈ عبداللہ پور میں رسہ کشی اور کبڈی ٹیم کے پریکٹس سیشن کے دوران کھلاڑیوں سے خطاب
11 چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی فیسکو ریجن میں محکمہ کی تنصیبات بالخصوص ٹرانسفارمرز کو محفوظ بنانے کے لیے سٹاف کو الرٹ رہنے کی ہدایت
11 فیسکو شعبہ کنسٹرکشن کی طرف سے ماہ دسمبر میں ریجن بھر میں 33 کروڑ سے زائد کی لاگت سے مختلف منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا گیا
12 ایکسئین ایم اینڈ ٹی سیکنڈ سرکل محمد سعید رضا کا ریٹائرڈ ہونیوالے فورمین ون کلیم احمد اور اور ٹیسٹ انسپکٹر فضل الٰہی کی الوداعی تقریب سے خطاب
13 اسسٹنٹ ڈائریکٹر ٹریننگ عمر فاروق کا ایم اینڈ ٹی اور ٹرانسفارمر ورکشاپ کے ملازمین کی پروموشن ٹریننگ کی تقریب تقسیم اسناد سے خطاب
14 بجلی چوری کے خلاف جاری خصوصی مہم میں فیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع میں بجلی چوروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے
15 ماہ دسمبر میں ریجنل ٹریننگ سنٹر، سرکل ٹریننگ سنٹر سرگودھا اور جھنگ میں کل 982 ملازمین نے ٹریننگ مکمل کی
15 شوکاز نوٹس برائے کارروائی

# معاشرے پر بوجھ نہ بنو

حضرت زبیر بن العوامؓ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص اپنی پیٹھ پر لکڑیوں کا گٹھا اٹھائے اور اُسے بیچے، جس سے اللہ تعالیٰ اس کی ضرورت کو پورا کر دے، یہ اس سے بہتر ہے کہ وہ لوگوں سے بھیک مانگے۔ اُن کی مرضی ہے کہ وہ اسے کچھ دیں یا نہ دیں۔ (رواہ البخاری)

محترم قارئین! امام بخاریؒ نے اس حدیث کو اپنی صحیح میں نقل فرمایا ہے۔ اہل اسلام کے معاشی نظام میں اس حدیث کو ایک کلیدی اور بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ حدیث مبارک میں زور اس بات پر ہے کہ جب کوئی آدمی جسمانی حیثیت سے تندرست اور توانا ہو، کام کرنے کے قابل ہو، چل پھر سکتا ہو، اور سوچ سمجھ رکھتا ہو تو اُسے اپنی ضروریات کے سدباب کے لئے معاشرے کے دیگر افراد پر بوجھ نہیں بننا چاہئے بلکہ حتیٰ الامکان اس کی کوشش یہ ہونا چاہئے کہ وہ اپنی ذہنی توانائیوں اور جسمانی قوت کو استعمال میں لا کر اپنی اور اپنے زیر کفالت افراد کی روزی اور کھانے پینے کا خود بندوبست کرے۔ دست سوال دراز کرنا، بھیک مانگنا، دوسروں کی جیبوں اور کمائی پر نظر رکھنا، طمع، لالچ اور حرص جیسی رذائل کی پرورش کرنا دین اسلام کی نظر میں نہایت ناپسندیدہ اور مکروہ عمل ہے۔ کیونکہ اس سے عزت نفس اور خودداری جیسا جوہر زندگی پامال ہو کر رہ جاتا ہے۔ اپنے ہاتھ اور اپنی محنت سے کمایا ہوا رزق قلبی سکون کے ساتھ ساتھ اللہ پاک کی خوشنودی اور رضامندی کا باعث بھی ہے۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: محنت مزدوری سے رزق کمانا تمہارے حق میں اس سے بہتر ہے کہ تم روز قیامت اللہ کی بارگاہ میں اس طرح پیش ہو کر بھیک مانگنے کی وجہ سے تمہارے چہرے پر نشان لگا ہو۔ اسلامی معاشرے میں غرباءِ فقراء، اور مساکین کی مدد کو نظر تحسین سے دیکھا گیا ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو واقعتاً ضرورت مند ہوتے ہیں۔ محنت کے باوجود بنیادی ضروریات سے محروم رہتے ہیں، ان کی اعانت کرنا موجب اجر وثواب ہے۔ مگر جو عادۃً اور بلا ضرورت ہاتھ پھیلاتے اور بازاروں، چوکوں اور گلیوں میں دست سوال دراز کرتے ہیں، انہیں سمجھنا چاہئے کہ یہ رویہ معیوب بھی ہے اور انسانی شرافت کے لئے عار بھی۔

حضرت نوحؑ نے کشتی بنائی اور بڑھئی کا کام کیا۔ حضرت ادریسؑ کپڑوں کی سلائی کیا کرتے تھے اور حضرت موسیٰؑ بکریاں چرایا کرتے تھے۔ اور خود امام الانبیاء، سید المرسلین ﷺ اپنے دست مبارک سے روزمرہ کے کام سرانجام دیا کرتے تھے۔ گھر کے اندر ازواج مطہرات کے کام کاج میں ان کا ہاتھ بٹایا کرتے تھے۔ اپنے اصحاب کرام کے ساتھ جنگل سے لکڑیاں بھی لاتے تھے۔ اس سے بڑھ کر محنت اور جسمانی مشقت کی اور کیا مثال ہو سکتی ہے کہ انبیاء علیہم السلام جیسی برگزیدہ شخصیات کو بھی محنت ومشقت کے کسی کام کو اختیار کرنے میں کوئی عار نہیں۔ تو ہم آخر اپنے ہاتھ سے اپنی روزی کا سامان کیوں نہیں کر سکتے۔ رسول اللہ ﷺ نے ہمیشہ بھیک مانگنے اور دست سوال دراز کرنے کی حوصلہ شکنی کی اور صحابہ کرام کی وساطت سے امت کے ہر فرد کو یہ تعلیم دی کہ اللہ کی ذات والا صفات پر توکل کرتے ہوئے اپنی حیثیت، قابلیت اور صلاحیت کے مطابق اپنی معاش کا خود بندوبست کرنا چاہیے۔

ارشاد نبویؐ کے مطابق ہنر مند آدمی اللہ تعالیٰ کو بہت ہی پسند ہے۔ کیونکہ ایسا آدمی جہاں اپنی ضروریات زندگی کو احسن طریقے سے پورا کرتا ہے وہیں وہ معاشرے کے دیگر افراد کی روزی کا ذریعہ بھی بنتا ہے۔ یاد رہنا چاہئے کہ چوری، ڈاکہ، خیانت اور بھیک ''اکل المال بالباطل''، یعنی دوسرے لوگوں کا مال ناجائز طریقہ سے ہڑپ کر جانے کے مکروہ دھندے ہیں۔ حرام اور ناجائز ذرائع سے روزی کما کر اپنا اور بیوی بچوں کا پیٹ بھرنا دنیوی اور اُخروی خسارے اور نقصان کا موجب ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اسلامی معاشی تعلیمات کے مطابق رزق حلال کمانے کی توفیق عطا فرمائے۔ امین یارب العالمین۔

# فیسکو انتظامیہ صارفین اور ملازمین کو سہولیات بہم پہنچانے کیلئے کوشاں ہے

ملک تحسین اعوان
چیئرمین فیسکو واپڈا

## فیسکو کی جانب سے خطیر رقم سے دفاتر اور گرڈز سٹیشنوں کی تعمیر ترجیحی بنیادوں پر جاری ہے

## چک جھمرہ ٹو کی بلڈنگ کی تعمیر پر 88 لاکھ سے زائد جبکہ اس کو ریکارڈ 5 ماہ کی مدت میں تعمیر کیا گیا ہے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

## فیسکو ملازمین کو بہتر رہائشی سہولیات اور ان کی سیکورٹی کیلئے بھی متعدد اقدامات کئے جارہے ہیں

چیئرمین فیسکو واپڈا ملک تحسین اعوان اور چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کا ایس ڈی او (آپریشن) چک جھمرہ ٹو کے نئے دفتر کی افتتاحی تقریب سے خطاب



فیسکو انتظامیہ صارفین اور ملازمین کو سہولیات بہم پہنچانے کیلئے کوشاں ہے فیسکو کی جانب سے خطیر رقم سے دفاتر اور گرڈز سٹیشنوں کی تعمیر ترجیحی بنیادوں پر جاری ہے تاکہ صارفین کو دور دراز دفاتر کا سفر نہ کرنا پڑے اور ان کے مسائل کا جلد ازالہ ممکن ہو یہ باتیں چیئرمین فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز ملک تحسین اعوان نے چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کے ہمراہ ایس ڈی او (آپریشن) چک جھمرہ ٹو کے نئے دفتر کی بلڈنگ کے افتتاح کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہیں۔ انھوں نے ہدایت کی کہ فیسکو

چیئرمین فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹر ملک تحسین اعوان اور چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر فیتہ کاٹ کر چک جھمرہ سب ڈویژن ٹو کے دفتر کا افتتاح کررہے ہیں

ریجن میں برقی ترقیاتی کاموں کی رفتار میں تیزی لائی جائے تاکہ عوام الناس کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔ فیسکو افسران اور اہلکار کمپنی کو مزید آگے لیجانے





چیئرمین فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹر ملک تحسین اعوان اور چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر چک جھمرہ سب ڈویژن ٹو آفس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

اوراس کی ترقی کیلئے اپنی تمام تر شعوری کاوشوں کو بروئے کار لائیں کیونکہ پاور سیکٹر ملکی معیشت کیلئے انتہائی کلیدی کردار کا حامل ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ فیسکو ریجن میں صارفین کو کوالٹی سروسز کی فراہمی کیلئے متعدد ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں تاکہ ملکی معیشت کو مزید مستحکم کیا جاسکے۔ انھوں نے مزید کہا کہ فیسکو کے اپنے دفاتر کی تعمیر سے فیسکو کو کرایہ کے دفاتر سے چھٹکارا ملے گا اور ماہانہ کرایہ کی مد میں رقم کی بچت بھی ہوگی اور صارفین کے مسائل ان کی دہلیز پر حل ہوں گے۔علاوہ ازیں فیسکو ملازمین کو بہتر رہائشی سہولیات اوران کی سیکورٹی کیلئے بھی متعدد اقدامات کئے جارہے ہیں۔اس موقع پر بریفنگ دیتے ہوئے چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر نے بتایا کہ ایس ڈی او (آپریشن) چک جھمرہ ٹو گرڈ سٹیشن کی تعمیر پر 88 لاکھ سے زائد لاگت آئی ہے جبکہ اس پراجیکٹ کو ریکارڈ 5 ماہ کی مدت میں تعمیر کیا گیا ہے۔انھوں نے ہدایت کی کہ کمپنی کے قیمتی اثاثہ جات کی مناسب دیکھ بھال کی جائے تاکہ ان کی قدر و قیمت میں اضافہ ہوسکے۔علاوہ ازیں



چیئرمین فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹر ملک تحسین اعوان اور چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر چک جھمرہ سب ڈویژن ٹو کے دفتر کے افتتاح کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

انہوں نے دفتر میں پھلدار اور پھولدار پودے لگانے کی ہدایت بھی کی۔اس موقع پر انھوں نے فیسکو افسران اور ملازمین پر صارفین کے بجلی سے متعلقہ مسائل کو فوری طور پر حل کرنے پر بھی زور دیا اور کہا کہ صارفین کے مسائل کے ازالہ میں کوئی بھی غفلت یا کوتاہی کا مرتکب پایا گیا تو اس کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔اس موقع پر ایس ای فرسٹ سرکل فیصل شفیع رانا، ایکسیئن سول ورکس شکیل حیدر لک، ایکسیئن چک جھمرہ ملک نعیم جاوید، ایکسیئن کنسٹرکشن محمد عارف، سٹاف آفیسر ٹو چیئرمین محمد طلحہ، دیگر فیسکو افسران اور ملازمین کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔



چیئرمین فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹر ملک تحسین اعوان چک جھمرہ سب ڈویژن ٹو کی بلڈنگ کا معائنہ کررہے ہیں، دوسری طرف وہ علاقہ کے لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

# صارفین کی شکایات کا فوری اور ترجیحی بنیادوں پر ازالہ کیا جائے

**ملک تحسین اعوان**
**چیئرمین فیسکو واپڈا**

## صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کے ساتھ ساتھ ہمہ قسم کی خدمات کی فراہمی کیلئے کسی قسم کی کسر اٹھا نہ رکھی جائے

## فیسکو ریجن سے بجلی چوری جیسے قومی جرم کے خاتمہ کیلئے بلاامتیاز اور بھرپور کارروائیاں جاری رکھی جائیں

### چیئرمین فیسکو واپڈا ملک تحسین اعوان کا ناظم آباد ڈویژن کے اچانک دورہ کے موقع پر افسران سے خطاب

چیئرمین فیسکو واپڈا ملک تحسین اعوان نے کہا کہ صارفین کی شکایات کے فوری اور ترجیحی بنیادوں پر ازالے اوران کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کے ساتھ ساتھ ہمہ قسم کی خدمات کی فراہمی کیلئے کسی قسم کی کسر اٹھا نہ رکھی جائے۔ صارفین کی بجلی سے متعلقہ کوئی شکایت زیرالتواء نہیں ہونی چاہیئے۔ غفلت اور سستی برتنے والے ملازمین کے خلاف سخت محکمانہ ایکشن لیا جائے گا۔ یہ باتیں چیئرمین فیسکو واپڈا ملک تحسین اعوان نے ناظم آباد ڈویژن کے اچانک دورہ کے موقع پر کہیں۔ انہوں نے مزید کہا صارفین کو بہترین کسٹمر سروسز کی فراہمی کیلئے جدید ترین سہولتوں سے مزین کسٹمر سروسز سنٹر کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے جس سے صارفین کی شکایات کا ازالہ زیادہ بہترین انداز اور تیزی کے ساتھ ہوگا۔ صارفین کی شکایات میں کمی آئے گی اور فیسکو کی سروسز میں مزید بہتری آنے سے صارفین کے اعتماد میں بھی اضافہ ہوگا۔ چیئرمین فیسکو ملک تحسین اعوان نے سرکل افسران کو ہدایت کی کہ فیسکو کے نادہندگان سے کسی قسم کی کوئی رعایت نہیں برتی جائے اوران سے محکمہ کے واجبات کی پائی پائی وصول



چیئرمین فیسکو واپڈا ملک تحسین اعوان ناظم آباد ڈویژن کے اچانک دورہ کے موقع پر صارفین کی شکایات سن رہے ہیں اور کسٹمر سروسز سنٹر کا جائزہ لے رہے ہیں

کی جائے گی۔ فیسکو ڈیفالٹرز محکمہ کی ریکوری میں بڑی رکاوٹ ہیں جن کے خلاف بھرپور مہم چلائی جارہی ہے۔ فیسکو ریکوری ٹیمیں گھر گھر جا کر صارفین سے واجبات کی وصولی کررہی ہیں جبکہ ڈیڈ ڈیفالٹرز کے خلاف بھی سخت محکمانہ اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔ ملک تحسین اعوان نے مزید کہا کہ بجلی چوروں کے خلاف بھی سخت کریک ڈاؤن جاری ہے اور فیسکو ٹیمیں بلاامتیاز صارفین کے کنکشنز چیک کررہی ہیں اور بجلی چوری میں ملوث گھریلو، زرعی، صنعتی اور کمرشل صارفین کے میٹرز اور دیگر تنصیبات موقع سے اتاری جارہی ہیں اوران کو بھاری جرمانوں کے ساتھ ان کے خلاف قانونی کارروائی کیلئے مقدمات کا اندراج بھی کروایا جارہا ہے۔ اس موقع پر چیئرمین فیسکو ملک تحسین اعوان نے کمپلینٹ سنٹر کا دورہ کیا اور صارفین کی سہولت کیلئے فراہم کردہ سہولیات کا جائزہ لیا اور صارفین بجلی کے مسائل بھی سنے۔ انہوں نے شکایات رجسٹر چیک کیا اور صارفین کی شکایات اوران کے ازالے کیلئے کئے گئے اقدامات کو چیک کیا اور وہاں موجود عملے سے سوالات بھی کئے۔ انھوں نے فیسکو سٹاف کو ہدایت کی کہ صارفین کی شکایات کے ازالے کے بعد ان سے فیڈ بیک بھی لیا جائے۔ دریں اثناء سپرنٹنڈنگ انجینئر سیکنڈ سرکل وقاص بیگ اور ایکسیئن ناظم آباد ڈویژن شیراز شیخ نے چیئرمین فیسکو کو بجلی چوری کے خلاف جاری خصوصی مہم اور ریکوری کے حوالے سے بریفنگ دی اور بتایا کہ روزانہ کی بنیادوں پر بجلی چوروں کے خلاف کارروائیاں بھی جاری ہیں جبکہ ریکوری ٹیمیں فیسکو کے رننگ اور ڈیڈ ڈیفالٹرز سے واجبات کی وصولی کیلئے فیلڈ میں سرگرم عمل ہیں۔

# ٹریننگ افسران اور ملازمین کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور بہتر کارکردگی کیلئے ناگزیر ہے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

## ٹریننگ حاصل کرنے والے ملازمین صارفین کے مسائل کے حل کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں

## سنئیرز اپنے تجربات کو جونئیرز تک منتقل کریں تاکہ وہ بھی بھرپور انداز میں احسن طریقے سے اپنے فرائض سرانجام دے سکیں

## واپڈا انجنیئر نگ اکیڈمی واپڈا، آزاد کشمیر، پرائیویٹ اور پبلک سیکٹر کے لوگوں کو ٹیکنیکل ٹریننگ کی سہولت مہیا کر رہی ہے   پرنسپل انجینئر نگ اکیڈمی الطاف قادر

### چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کا واپڈا انجنیئر نگ اکیڈمی میں منعقدہ 69 ویں ایلمنٹری مینجمنٹ کورس کی اختتامی تقریب سے خطاب

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر نے کہا ہے کہ ٹریننگ افسران اور ملازمین کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور بہتر کارکردگی کیلئے ناگزیر ہے جس سے وہ نئے رجحانات سے آگاہی حاصل کرتے ہیں اور انھیں اپنی پیشہ ورانہ زندگی میں بروئے کار لا کر بہتر نتائج حاصل کرتے ہیں۔ برسہا برس کا تجربہ رکھنے کے باوجود اس کی ضرورت محسوس کی جاتی ہے وہ واپڈا انجنیئر نگ اکیڈمی فیصل آباد میں سپروائزر، سپرنٹنڈنٹس، اے پی ایس اور کمپیوٹر آپریٹرز کیلئے 4 ہفتے پر محیط 69 ویں ایلمنٹری مینجمنٹ کورس کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ منسٹریل سٹاف کسی بھی محکمہ کی ترقی کیلئے کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ انھوں نے ہدایت کی کہ ٹریننگ حاصل کرنے والے ملازمین صارفین کے مسائل کے حل کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ وہ اللہ پر توکل کر کے اپنے رزق، کام اور ادارے کے ساتھ مخلص ہوں خیر بانٹیں تو اللہ بھی آپ کی غیب سے مدد کرے گا۔ انھوں نے کہا کہ سنئیرز اپنے تجربات کو جونئیرز تک منتقل کریں تاکہ وہ بھی بھرپور انداز میں احسن



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر واپڈا انجنیئر نگ اکیڈمی میں منعقدہ 69 ویں ایلمنٹری مینجمنٹ کورس کے اختتام پر شرکاء میں سرٹیفکیٹس تقسیم کر رہے ہیں

طریقے سے اپنے فرائض سرانجام دے سکیں۔ اپنی صلاحیتوں کو پیشہ ورانہ ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کیلئے بھرپور انداز میں صرف کریں۔ قبل ازیں پرنسپل انجینئر نگ اکیڈمی الطاف قادر نے اپنے خطاب میں کہا کہ واپڈا انجنیئر نگ اکیڈمی واپڈا، آزاد کشمیر، پرائیویٹ اور پبلک سیکٹر کے لوگوں کو ٹیکنیکل ٹریننگ کی سہولت مہیا کر رہی ہے اور کورس کے شرکاء کو تمام جدید سہولیات مہیا کی جا رہی ہیں۔ اس کورس میں پاکستان کی مختلف ڈسٹری بیوشن کمپنیوں سے شرکاء نے حصہ لیا۔ 69 ویں ای ایم سی کورس میں فیسکو ریجنل سٹور جھنگ کے اکاؤنٹ آفیسر محمد بلال ریحان نے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ سپروائزر (ڈی سی) گیپکو زاہد عمران نے دوسری پوزیشن جبکہ واپڈا کی

اسسٹنٹ ریسرچ آفیسر ام حانیہ اور میپکو کے اکاؤنٹ آفیسر محمد تنویر جاوید نے مشترکہ طور پر تیسری پوزیشن حاصل کی۔ کورس میں مختلف ڈسٹری بیوشن کمپنیوں اور واپڈا سے کل 32 ملازمین نے شرکت کی۔ بعدازاں مہمان خصوصی چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے فیکلٹی ممبران، کورس ڈائریکٹر زاہد پرویز اور کورس کے شرکاء میں شیلڈز اور سرٹیفکیٹ تقسیم کئے۔



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر واپڈا انجنیئرنگ اکیڈمی میں منعقدہ 69 ویں ایلمنٹری مینجمنٹ کورس کے اختتامی تقریب کے دوران شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

# فیسکو شہر کی خوبصورتی کو بڑھانے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

## عبداللہ پور فلائی اوور کی تعمیر میں رکاوٹ بننے والے کھمبوں اور تاروں کی فوری شفٹنگ کی جا رہی ہے

## شہر میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کیلئے ایچ ٹی اور ایل ٹی لائنوں اور پولز کو ہٹانے کا کام ترجیحی بنیادوں پر کیا جا رہا ہے

## فیسکو ضلعی انتظامیہ اور دیگر اداروں کے ساتھ مکمل رابطے میں ہے تاکہ قومی نوعیت کے اس منصوبے کو جلد پایہ تکمیل تک پہنچایا جا سکے



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر نے کہا ہے کہ ضلع فیصل آباد میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کیلئے 11 کے وی ایچ ٹی اور ایل ٹی لائنوں اور پولز کو ہٹانے کا کام ترجیحی بنیادوں پر کیا جا رہا ہے۔ فیسکو شہر کی خوبصورتی کو بڑھانے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ عبداللہ پور فلائی اوور کی تعمیر میں رکاوٹ بننے والے کھمبوں اور تاروں کی فوری شفٹنگ کی جا رہی ہے۔ اس سلسلے میں فیسکو ضلعی انتظامیہ اور دیگر اداروں کے ساتھ مکمل رابطے میں ہے تاکہ قومی نوعیت کے اس منصوبے کو جلد پایہ تکمیل تک پہنچایا جا سکے۔ انھوں نے مزید کہا کہ شہر میں جاری مختلف منصوبوں کیلئے فیسکو نے اپنی ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں جو بجلی سے متعلقہ کسی بھی قسم کی شکایت یا رکاوٹ کو فوری دور کریں گی۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر نے شعبہ کنسٹرکشن و آپریشن کے افسران و ملازمین کو سڑکوں کی کشادگی اور دیگر توسیعی منصوبوں کی راہ میں رکاوٹ بننے والی تمام بجلی کی تنصیبات ضلعی انتظامیہ سے مشاورت کر کے فوری طور پر ہٹانے کی ہدایات جاری کر دی ہیں تاکہ عوام الناس کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مل سکے اور منصوبے بروقت مکمل ہو سکیں۔

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

# فیسکو کے کھلاڑی قومی مقابلوں میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کررہے ہیں

**فیسکو نے ہمیشہ کھیلوں کی سرپرستی کی ہے اور کھیلوں کے فروغ کیلئے اپنے کردار کو ایک نئے عزم کے ساتھ جاری رکھے گا**

**کھیلوں کے فروغ سے کھلاڑیوں میں سپورٹس مین سپرٹ پیدا ہوتی ہے جو نا صرف فیسکو بلکہ صحت مند معاشرے کی تعمیر کیلئے اشد ضروری ہے**

**چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کا فیسکو گراؤنڈ عبداللہ پور میں رسہ کشی اور کبڈی ٹیم کے پریکٹس سیشن کے دوران کھلاڑیوں سے خطاب**



فیسکو کی رسہ کشی اور کبڈی ٹیم کے کھلاڑیوں کا چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر عامر پنوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کہا کہ فیسکو نے ہمیشہ کھیلوں کی سرپرستی کی ہے اور کھیلوں کے فروغ کیلئے فیسکو اپنے کردار کو ایک نئے عزم کے ساتھ جاری رکھے گا۔ یہ بات خوشی کا باعث ہے کہ فیسکو کے کھلاڑی نہ صرف قومی مقابلوں میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کررہے ہیں بلکہ بین الاقوامی مقابلوں میں بھی پاکستان کیلئے کامیابیاں حاصل کررہے ہیں اور ملک وقوم کا نام روشن کررہے ہیں یہ باتیں انھوں نے فیسکو گراؤنڈ عبداللہ پور میں رسہ کشی اور کبڈی ٹیم کے پریکٹس سیشن کے دوران کھلاڑیوں سے خطاب کرتے ہوئے کہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ کھیلوں کے فروغ سے کھلاڑیوں میں سپورٹس مین سپرٹ پیدا کرنے میں مدد ملتی ہے جو نا صرف فیسکو بلکہ صحت مند معاشرے کی تعمیر کیلئے اشد ضروری ہے۔ انھوں نے رسہ کشی اور کبڈی کی ٹیم کے کھلاڑیوں کو زیادہ سے زیادہ محنت اور لگن سے پریکٹس کی تلقین کی تاکہ مستقبل میں وہ اپنا لوہا منوا سکیں اور نا صرف واپڈا انٹر یونٹ مقابلوں بلکہ بین الاقوامی سطح پر اپنے ملک اور فیسکو کا نام روشن کرسکیں۔ اس موقع پر صدر فیسکو سپورٹس ایسوسی ایشن اطہر ایوب چوہدری، ڈپٹی سیکرٹری عابد رشید، فیصل رضا مارتھ ڈائریکٹر (سی ایس)، مینجر رسہ کشی ٹیم سعید رضا، اسسٹنٹ مینجر رسہ کشی ٹیم عمار افضل چٹھہ، فیسکو سپورٹس آفیسر محمد ساجد بھی موجود تھے۔ قبل ازیں گراؤنڈ پہنچنے پر فیسکو سپورٹس ایسوسی ایشن کی جانب سے چیف ایگزیکٹو فیسکو کو گرم جوشی سے خوش آمدید کہا گیا۔ بعدازاں مینجر رسہ کشی ٹیم سعید رضا نے رسہ کشی ٹیم اور ڈپٹی سیکرٹری فیسکو سپورٹس ایسوسی ایشن عابد رشید نے کبڈی ٹیم کے کھلاڑیوں کا چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر سے تعارف کرایا۔




چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر عامر پنوں کا رسہ کشی پریکٹس سیشن کے دوران کھلاڑیوں سے تعارف کرایا جارہا ہے، صدر فیسکو سپورٹس ایسوسی ایشن اطہر ایوب چوہدری، ڈپٹی سیکرٹری عابد رشید اور دیگر بھی ہمراہ ہیں

# لائن سٹاف محکمہ کی تنصیبات کی حفاظت کیلئے فیلڈ میں سخت مانیٹرنگ کرے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

**ٹرانسفارمر چور گینگ موسم سرما میں رات کی تاریکی اور شدید دھند کا فائدہ اٹھا کر ٹرانسفارمر چوری کی واردات کر سکتے ہیں**

**عوام الناس فیسکو ریجن میں ٹرانسفارمر چوری کی روک تھام میں فیسکو کا ساتھ دیں اور مشکوک سرگرمیوں کی فوری اطلاع دیں**

**چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی فیسکو ریجن میں محکمہ کی تنصیبات بالخصوص ٹرانسفارمرز کو محفوظ بنانے کے لیے سٹاف کو الرٹ رہنے کی ہدایت**



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی خصوصی ہدایت پر ٹرانسفارمرز کو کھمبوں کے ساتھ ویلڈ کیا جا رہا ہے

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے فیسکو ریجن میں محکمہ کی تنصیبات بالخصوص ٹرانسفارمرز کو محفوظ بنانے کے لیے سٹاف کو الرٹ رہنے کے احکامات دیئے ہیں۔ انہوں نے لائن سٹاف کو ٹرانسفارمرز کو فوری طور پر ویلڈ کروانے اور فیلڈ میں مانیٹرنگ سخت کرنے کی ہدایات جاری کی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ ٹرانسفارمر چور گینگ موسم سرما میں رات کی تاریکی اور شدید دھند کا فائدہ اٹھا کر ٹرانسفارمر اور فیسکو کی دیگر تنصیبات کی چوری کی واردات کر سکتے ہیں۔ انہوں نے عوام الناس سے اپیل کی ہے کہ فیسکو ریجن میں ٹرانسفارمر چوری کی روک تھام میں فیسکو کا ساتھ دیں۔ لہٰذا رات کی تاریکی میں کہیں بھی غیر متعلقہ افراد کو ٹرانسفارمر، تاروں، کھمبوں یا فیسکو کی دیگر تنصیبات کے پاس مشکوک حالت میں یا کسی غیر متعلقہ گاڑی میں ٹرانسفارمر یا دیگر آلات کو لوڈ کرتے ہوئے دیکھیں تو اس کی فوری اطلاع فیسکو کے نمبر 041-9220618، ہیلپ لائن 118 یا پولیس ہیلپ لائن پر دیں۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے فیلڈ افسران و لائن سٹاف کو خبردار کیا ہے کہ فیلڈ میں مستعد اور محتاط رہیں اور ٹرانسفارمر و دیگر تنصیبات کی چوری کو روکنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کریں۔ ان ہدایات کی روشنی میں ریجن بھر میں فیلڈ سٹاف متحرک ہو گیا ہے اور ٹرانسفارمرز کو ویلڈ کروایا جا رہا اور مانیٹرنگ ٹیمیں دن اور رات کے اوقات میں پٹرولنگ کر رہی ہیں۔

## فیسکو شعبہ کنسٹرکشن نے ماہ دسمبر میں 20 کروڑ روپے کی لاگت سے 108 دیہات کو روشن کیا

فیسکو شعبہ کنسٹرکشن کی طرف سے ماہ دسمبر میں ریجن بھر میں 33 کروڑ سے زائد کی لاگت سے مختلف منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا گیا۔ 20 کروڑ روپے کی خطیر رقم خرچ کر کے 108 دیہات کو روشن کیا گیا جبکہ 7 کروڑ 48 لاکھ کی لاگت سے 2 ایچ ٹی اور 6 کروڑ 25 لاکھ کی لاگت سے 55 ایل ٹی پرپوزلز مکمل کی گئیں۔ فیسکو کنسٹرکشن ڈائریکٹوریٹ نے ماہ دسمبر میں فیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع میں 108 نئے دیہات روشن کرنے کے علاوہ 55 ایل ٹی پروپوزلز اور 2 فیڈروں کی تکمیل کی جن پر 33 کروڑ 73 لاکھ روپے لاگت آئی۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کی ہدایت پر پی ڈی کنسٹرکشن ابرار احمد کی زیر نگرانی ایک کروڑ 3 لاکھ کی لاگت سے فیصل آباد میں 10 ایل ٹی پروپوزلز، ایک کروڑ 72 لاکھ کی لاگت سے جھنگ میں 12، ایک کروڑ 86 لاکھ کی لاگت سے سرگودھا میں 18 جبکہ ایک کروڑ 62 لاکھ روپے کی لاگت سے میانوالی میں 15 ایل ٹی پروپوزلز کو مکمل کیا۔ اسی طرح 3 کروڑ 92 لاکھ روپے کی لاگت سے فیصل آباد میں 24 نئے دیہات، 5 کروڑ 64 لاکھ کی لاگت سے جھنگ میں 31 جبکہ 5 کروڑ 27 لاکھ کی لاگت سے سرگودھا میں 27 جبکہ 5 کروڑ 14 لاکھ کی لاگت سے میانوالی میں 26 نئے دیہات روشن کئے گئے۔ اسی طرح فیصل آباد میں 4 کروڑ 9 لاکھ کی لاگت سے ایک ایچ ٹی پروپوزلز اور جھنگ میں 3 کروڑ 38 لاکھ کی لاگت سے ایک ایچ ٹی پروپوزل مکمل کر لی گئی ہے۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر نے شعبہ کنسٹرکشن کی کارکردگی کو سراہا ہے اور انہیں ہدایت کی ہے کہ وہ مزید جاری سکیموں کو بھی اسی جذبہ سے پایہ تکمیل تک پہنچائیں تا کہ ریجن بھر کے صارفین کو زیادہ سے زیادہ ریلیف ملے گا۔

ایکسئین ایم اینڈ ٹی سیکنڈ سرکل
محمد سعید رضا

# مدت ملازمت مکمل کر کے باعزت ریٹائرمنٹ خدا کی طرف سے تحفہ ہے

**ایک سرکاری ملازم اپنی زندگی کا طویل اور قیمتی حصہ اپنے محکمہ اور صارفین کی خدمت میں گزار دیتا ہے**

**ریٹائرڈ ہونیوالے ملازمین نے فیسکو میں طویل عرصہ اپنی خدمات سرانجام دیں اور اپنی ڈیوٹی کو پوری ایمانداری اور محنت سے انجام دیا**

**ایکسئین ایم اینڈ ٹی سیکنڈ سرکل محمد سعید رضا کا ریٹائرڈ ہونیوالے فورمین ون کلیم احمد اور ٹیسٹ انسپکٹر فضل الٰہی کی الوداعی تقریب سے خطاب**

اپنی مدت ملازمت باعزت طریقے سے مکمل کر کے ریٹائرمنٹ خدا کی طرف سے ایک تحفے اور نعمت سے کم نہیں ہے۔ایک سرکاری ملازم اپنی زندگی کا طویل اور قیمتی حصہ اپنے محکمہ اور صارفین کی خدمت میں گزار دیتا ہے۔ان خیالات کا اظہار ایگزیکٹو انجینئر ایم اینڈ ٹی فیسکو سیکنڈ سرکل محمد سعید رضا نے ایم اینڈ ٹی سیکنڈ سرکل سے ریٹائرڈ ہونیوالے فورمین ون کلیم احمد اور ٹیسٹ انسپکٹر فضل الٰہی کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر منعقدہ شاندار الوداعی تقریب کے موقع پر کیا۔انہوں نے مزید کہا کہ ریٹائرڈ ہونیوالے ملازمین نے فیسکو میں طویل عرصہ اپنی خدمات سرانجام دیں اور اپنی ڈیوٹی کو پوری ایمانداری اور محنت سے انجام دیا جس کیلئے ہم انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔دوران سروس ملازمین اور صارفین دونوں سے ان کا برتاؤ مثالی رہا ہے ان کی خدمات ایک طویل عرصہ تک یاد رکھی جائیں گی۔انھوں نے مزید کہا کہ انہوں نے صارفین اور اپنے ماتحت ساتھیوں کے ساتھ ہمیشہ نرم رویہ اپنائے رکھا اور ماحول کو ہمیشہ خوشگوار رکھتے ہوئے کام کو بہترین طریقے سے انجام دیا۔اس موقع



ایگزیکٹو انجینئر ایم اینڈ ٹی فیسکو سیکنڈ سرکل محمد سعید رضا اور دیگر ایم اینڈ ٹی سٹاف ریٹائرڈ ہونیوالے فورمین ون کلیم احمد اور ٹیسٹ انسپکٹر فضل الٰہی کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

پر چیئرمین ایم اینڈ ٹی سیکنڈ سرکل قوی محمود، ڈویژنل چیئرمین غلام نبی، وائس چیئرمین فرخ ندیم اور دیگر سٹاف نے فیسکو سے ریٹائرڈ ہونیوالے ملازمین کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور ان کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے فیسکو میں بہترین وقت گزارا اور اب اچھی یادیں لے کر یہاں سے رخصت ہو رہے ہیں۔انہوں نے ان کی آئندہ زندگی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔اس موقع پر فیسکو سے ریٹائرڈ ہونیوالے فورمین ون کلیم احمد اور ٹیسٹ انسپکٹر فضل الٰہی نے اپنے اعزاز میں منعقدہ اس پروقار تقریب کے انعقاد پر ایکسئین محمد سعید رضا اور ایم اینڈ ٹی سٹاف کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ان کی ملازمت کا زیادہ تر حصہ ایم اینڈ ٹی میں گزرا اور اس تمام عرصہ کی خوشگوار یادیں وہ اپنے ساتھ لے کر جا رہے ہیں اور ہمیشہ کام کے دوران نیک نیتی اور ایمانداری کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑا اور خدا کا شکر ہے کہ آج وہ باعزت طریقے سے ریٹائرڈ ہو کر جا رہے ہیں۔دوران ملازمت انھیں اپنے افسران اور ساتھی اہلکاروں کا مکمل تعاون حاصل رہا جس کیلئے وہ ان کے مشکور ہیں۔تقریب کے اختتام پر ایگزیکٹو انجینئر ایم اینڈ ٹی فیسکو سیکنڈ سرکل محمد سعید رضا اور دیگر ایم اینڈ ٹی سٹاف کی طرف سے ریٹائرڈ ہونیوالے فورمین ون کلیم احمد اور ٹیسٹ انسپکٹر فضل الٰہی کو پھولوں کے گلدستے، شیلڈ اور یادگاری تحائف دیئے۔

# ٹریننگ انسان کے اندر موجود صلاحیتوں کو ابھارنے کا بہترین ذریعہ ہے

اسسٹنٹ ڈائریکٹر آر ٹی سی
عمر فاروق

## ملازمین ٹریننگ سے حاصل کردہ تجربات اور مہارت کو اپنی عملی زندگی اور پیشہ ورانہ فرائض کی ادائیگی میں استعمال کریں

## صارفین کو زیادہ سے زیادہ سہولیات بہم پہنچائیں انہی اقدامات سے محکمہ ترقی کی مزید منازل طے کرے گا

### اسسٹنٹ ڈائریکٹر ریجنل ٹریننگ سنٹر فیسکو عمر فاروق کا ایم اینڈ ٹی اور ٹرانسفارمر ورکشاپ کے ملازمین کی پروموشن ٹریننگ کی تقریب تقسیم اسناد سے خطاب



ریجنل ٹریننگ سنٹر فیسکو میں کامیابی سے پروموشن ٹریننگ مکمل کرنے والے ملازمین کا اسسٹنٹ ڈائریکٹر ٹریننگ عمر فاروق اور کورس انچارج شبیر حسین شاہ کے ہمراہ گروپ فوٹو

اسسٹنٹ ڈائریکٹر ریجنل ٹریننگ سنٹر فیسکو عمر فاروق نے کہا ہے کہ ٹریننگ انسان کے اندر موجود صلاحیتوں کو ابھارنے کا بہترین ذریعہ ہے ۔ ملازمین کو چاہئے کہ وہ ٹریننگ سے حاصل کردہ تجربات اور مہارت کو اپنی عملی زندگی اور پیشہ ورانہ فرائض کی ادائیگی میں استعمال کر کے محکمہ اور صارفین کو فائدہ پہنچائیں۔ وہ ریجنل ٹریننگ سنٹر فیصل آباد میں اے ایف ایم سے فورمین ،فٹر فرسٹ سے اسسٹنٹ فورمین ،فٹر سیکنڈ سے فٹر ون اور ہیلپر سے فٹر سیکنڈ (ایم اینڈ ٹی /ٹرانسفارمر ورکشاپ ) کی پروموشن ٹریننگ کلاس کی تقریب تقسیم اسناد سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ ملازمین اپنے تجربات اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے صارفین کو زیادہ سے زیادہ سہولیات بہم پہنچائیں انہی اقدامات سے محکمہ ترقی کی منازل طے کرے گا اور صارفین بھی مطمئن ہوں گے۔ انھوں نے مزید کہا کہ ہمارا دین کامل ہمیں رزق حلال کے حصول کا درس دیتا ہے۔ اگر ہم ان دینی احکامات پر عمل پیرا ہوں تو نہ صرف دنیا میں اس کا پھل ملے گا بلکہ آخرت میں بھی اس کا اجر حاصل ہوگا۔ انہوں نے کورس کے شرکاء کو اپنی اپنی فیلڈ میں مزید محنت اور خلوص نیت سے کام کرنے کی ہدایت بھی کی۔ اس موقع پر کلاس انچارج شبیر حسین شاہ نے بھی ملازمین کو کامیابی سے پروموشن ٹریننگ مکمل کرنے پر مبارکباد دی اور محنت اور دیانتداری سے اپنے فرائض سرانجام دینے کی تلقین کی ۔ پروموشن ٹریننگ میں ایم اینڈ ٹی اور ٹرانسفارمر ری کلیمیشن ورکشاپ سے کل 28 ملازمین نے شرکت کی جن میں ایم اینڈ ٹی فرسٹ سرکل کے محمد عمران امین، ٹرانسفارمر ورکشاپ فیسکو فیصل آباد کے تحسین جاوید، جاوید شوکت، محمد شفیق، اظفر صدیق، مشتاق احمد، غلام مرتضیٰ، علی رضا، محمد رضوان، افضل مصطفیٰ، محمد عمران، سید اسد عباس، جمشید بشیر، ابوبکر بشیر، احسن لطیف، اشفاق احمد اور نفیس رشید، ایم اینڈ ٹی سیکنڈ سرکل کے محمد شہزاد، ایم اینڈ ٹی سرگودھا سرکل کے سید وقار علی شاہ اور طارق صہیب بٹ، ایس ای ٹی ایس کے محمد عظیم بٹ، ٹرانسفارمر ورکشاپ میانوالی کے محمد سنان اور سلیمان اصغر، ایم اینڈ ٹی میانوالی کے ایوب احمد یعقوب، ٹرانسفارمر ورکشاپ سرگودھا کے محمد عباس، علی عثمان، عون علی اور مبشر لیاقت شامل تھے۔۔ تقریب کے آخر میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر ریجنل ٹریننگ سنٹر عمر فاروق اور کلاس انچارج شبیر حسین شاہ نے کامیابی سے ٹریننگ مکمل کرنے والے ملازمین میں سرٹیفکیٹ تقسیم کئے گئے۔

# فیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع میں بجلی چوروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے

## چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت پر فیسکو کے چھ آپریشن سرکلز میں بجلی چوروں کے خلاف بھرپور کارروائیاں کی جارہی ہیں

## بجلی چوری کے خلاف جاری خصوصی مہم میں 4 ماہ سے زائد کے عرصہ میں مجموعی طور پر 5497 بجلی چوروں پکڑے گئے

## بجلی چوری میں 5164 گھریلو، 174 کمرشل، 146 زرعی اور 13 انڈسٹریل کنکشن ملوث پائے گئے

## فیسکو ریجن سے کل 4541 بجلی چوروں کو گرفتار جبکہ مجموعی طور پر 5079 کے خلاف مقدمات کا اندراج کروایا گیا ہے

حکومت پاکستان اور وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی ہدایات پر فیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع میں بجلی چوروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت پر فیسکو ریجن کے چھ آپریشن سرکلز میں بجلی چوروں کے خلاف بھرپور کارروائیاں کی جارہی ہیں۔ بجلی چوری کے خلاف جاری خصوصی مہم میں 4 ماہ سے زائد کے عرصہ میں اب تک مجموعی طور پر 5497 بجلی چوروں کو پکڑا گیا جن کو ایک کروڑ 35 لاکھ سے زائد ڈی ٹیکشن یونٹس اور 61 کروڑ 49 لاکھ سے زائد کے جرمانوں پر مشتمل بل جاری کئے گئے ہیں۔ بجلی چوری میں 5164 گھریلو، 174 کمرشل، 146 زرعی اور 13 انڈسٹریل کنکشن ملوث پائے گئے ہیں۔ فیسکو ریجن سے کل 4541 بجلی چوروں کو گرفتار جبکہ مجموعی طور پر 5079 کے خلاف مقدمات کا اندراج کروایا گیا ہے۔ فیسکو نے بجلی چوروں سے 43 کروڑ 24 لاکھ سے زائد کی ریکوری بھی کرلی ہے۔ ضلع فیصل آباد میں اب تک 1763 بجلی چوروں کو 42 لاکھ 61 ہزار سے زائد ڈی ٹیکشن یونٹس اور 19 کروڑ سے زائد کا جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ ضلع جھنگ میں اب تک 595 بجلی چوروں کو 18 لاکھ 76 ہزار سے زائد ڈی ٹیکشن یونٹس اور 7 کروڑ 52 لاکھ کا جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ ضلع بھکر میں اب تک 654 بجلی چوروں کو 14 لاکھ 61 ہزار سے زائد ڈی ٹیکشن یونٹس اور 7 کروڑ 27 لاکھ سے زائد جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ ضلع چنیوٹ میں 522 بجلی چوروں کو 17 لاکھ سے زائد ڈی ٹیکشن یونٹس اور 7 کروڑ 28 لاکھ سے زائد جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ ضلع خوشاب میں 178 بجلی چوروں کو 4 لاکھ 41 ہزار سے زائد ڈی ٹیکشن یونٹس اور 2 کروڑ 25 لاکھ سے زائد جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ ضلع میانوالی میں 729 بجلی چوروں کو 15 لاکھ 10 ہزار سے زائد ڈی ٹیکشن یونٹس اور 6 کروڑ 92 لاکھ سے زائد جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ ضلع سرگودھا میں 591 بجلی چوروں کو 12 لاکھ 33 ہزار سے زائد ڈی ٹیکشن یونٹس اور 5 کروڑ 96 لاکھ سے زائد جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ ضلع ٹوبہ میں 402 بجلی چوروں کو 8 لاکھ 64 ہزار سے زائد ڈی ٹیکشن یونٹس اور 4 کروڑ 41 لاکھ سے زائد جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔



فیسکو ریجن میں بجلی چوری کے خلاف جاری خصوصی مہم کے دوران فیسکو ٹیمیں دن اور رات کے اوقات میں مختلف علاقوں سے صارفین کے میٹرز کی چیکنگ کررہی ہیں

## ماہ دسمبر میں ریجنل ٹریننگ سنٹر، سرکل ٹریننگ سنٹر سرگودھا اور جھنگ میں کل 982 ملازمین نے ٹریننگ مکمل کی

## محکمانہ کورسز کے ساتھ ساتھ لائن سٹاف کی جان کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے سیفٹی سیمینار کا انعقاد بھی کیا گیا

## نان ٹیکنیکل سٹاف کے کام میں مزید جدت لانے کیلئے پانچ روزہ سپیشل سکلڈ ٹریننگ پروگرام بھی شروع کیا گیا ہے

فیسکو ریجنل ٹریننگ سنٹر فیصل آباد اور سرگودھا، جھنگ کے سرکل ٹریننگ سنٹرز میں مختلف کیٹگری کے ملازمین کی محکمانہ ترقی، ریفریشر کورسز، ان کی ذہنی وفنی صلاحیتوں میں اضافے اور نئی ٹیکنالوجی کے بارے میں آگاہی دینے کیلئے کورسز اور ٹریننگز کا انعقاد جاری ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ نان ٹیکنیکل سٹاف کے کام میں مزید جدت لانے کیلئے پانچ روزہ سپیشل سکلڈ ٹریننگ پروگرام بھی شروع کیا گیا ہے۔ ماہ دسمبر میں ریجنل ٹریننگ سنٹر فیسکو فیصل آباد اور سرکل ٹریننگ سنٹرز سرگودھا، جھنگ میں کل 982 ملازمین نے محکمانہ ترقی کیلئے ٹریننگز اور مختلف کورسز مکمل کیے۔ ریجنل ٹریننگ سنٹر فیسکو فیصل آباد میں اسسٹنٹ لائن مین سے لائن مین سیکنڈ اور لائن مین سیکنڈ سے لائن مین ون، اسسٹنٹ سب سٹیشن اٹینڈنٹ سے سب سٹیشن انچارج سیکنڈ اور سٹینو سیکنڈ سے سٹینو فرسٹ / اے پی ایس کی محکمانہ ترقی کیلئے کل 368 ملازمین نے ٹریننگ مکمل کی۔ جبکہ 182 نان ٹیکنیکل ملازمین کو پانچ روزہ سپیشل سکلڈ ٹریننگ کروائی گئی۔ اسی طرح سرکل ٹریننگ سنٹر سرگودھا میں اے ایل ایم سے ایل ایم سیکنڈ اور ایل ایم سیکنڈ سے ایل ایم فرسٹ کیٹگری کے کل 111 ملازمین نے محکمانہ ترقی کیلئے ٹریننگ جبکہ 75 نان ٹیکنیکل ملازمین نے پانچ روزہ سپیشل سکلڈ ٹریننگ مکمل کی۔ سرکل ٹریننگ سنٹر جھنگ میں بھی اے ایل ایم سے ایل ایم سیکنڈ اور ایل ایم سیکنڈ سے ایل ایم فرسٹ کیٹگری کے کل 75 ملازمین نے محکمانہ ترقی کیلئے جبکہ 46 نان ٹیکنیکل ملازمین نے پانچ روزہ سپیشل سکلڈ ٹریننگ مکمل کی۔ سرکل ٹریننگ سنٹر میانوالی میں بھی انہی کیٹگری کے 108 ملازمین کو محکمانہ ترقی کیلئے ٹریننگ کروائی گئی جبکہ 17 نان ٹیکنیکل ملازمین نے پانچ روزہ سپیشل سکلڈ ٹریننگ مکمل کی۔ علاوہ ازیں ٹریننگ سنٹرز میں ٹریننگ کرنے والے ملازمین کی جان کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے ایک روزہ سیفٹی سیمینار کا انعقاد بھی کیا گیا۔

## شوکاز نوٹس برائے کارروائی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) رورل سب ڈویژن فیسکو لالیاں کے اے ایل ایم / کھلاڑی (ایشیئن سٹائل کبڈی پلیئر) عاصم حنیف آپ مورخہ 22-07-2022 سے تا حال مسلسل دانستہ طور پر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں۔ آپ کے خلاف لیٹر نمبر 63-1658 بتاریخ 14-10-2023 ڈسپلنری کیس شروع کیا گیا ہے۔ آپ کو اس سلسلے میں متعدد مرتبہ تحریری طور پر مطلع کیا گیا اور ذاتی شنوائی کیلئے دفتر ہذا میں حاضر ہونے کی ہدایت کی گئی لیکن آپ حاضر نہ ہوئے اور نہ ان کا کوئی جواب دیا۔ لہٰذا اس نوٹس کی اشاعت / وصولی کے سات یوم کے اندر اندر اظہار وجوہ کریں کہ اس بے ضابطگی اور بے اطواری کی بناء پر واپڈا ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن رولز مجریہ 1978ء کی متعلقہ دفعات کے تحت کارروائی عمل میں کیوں نہ لائی جائے۔ آپ اپنے دفاعی جواب میں یہ بھی لکھیں کہ آپ ذاتی طور پر پیش ہو کر کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ عدم تعمیل کی صورت میں یہ سمجھ لیا جائے گا کہ آپ جان بوجھ کر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں اور آپ کے پاس اپنے دفاع میں کہنے کیلئے کچھ نہیں لہٰذا آپ کے خلاف ضابطے کی کارروائی یک طرفہ طور پر عمل میں لائی جائے گی۔

منجانب: ایگزیکٹو انجینئر (آپریشن) فیسکو ڈویژن لالیاں

# چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر

کے فیسکو ریجن میں محکمہ کی تنصیبات کی چوری پر کارروائی سخت کرنے کے احکامات

عوام الناس سے اپیل ہے کہ وہ

فیسکو تنصیبات، تاریں، کھمبے، ٹرانسفارمر سمیت دیگر
میٹریل کے قریب اگر مشتبہ افراد کی سرگرمی محسوس کریں

یا کسی علاقے میں ٹرانسفارمر اتارتے
افراد پر فیسکو سٹاف نہ ہونے کا شک ہو

**تو ایک ذمہ دار شہری ہونے کے ناطے اس کی فوری اطلاع فیسکو ہیڈ کوارٹر میں قائم**

مرکزی شکایات سنٹر

041-9220618

041-9220290

یا متعلقہ سب ڈویژن کے نمبر پر دیں

ٹول فری نمبر

080066554

ہیلپ لائن

118

## مستعد رہیں محتاط رہیں

آپ کی بروقت اطلاع سے قیمتی اثاثہ جات چوری ہونے سے بچ سکتے ہیں







## فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو)

ویسٹ کینال روڈ، فیصل آباد | www.fesco.com.pk | ٹول فری نمبر 0800-66554